سوال

والفجر سے مراد کونسا وقت ہے طلوع آفتاب کا وقت یا سحری کا وقت؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وَالْفَجْرِ: ''الْفَجْرِ'' سے مراد صبح ہے۔ سورۂ تکویر میں بھی یہ قسم مذکور ہے)) وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ((التکویر: ۱۸) ''اور قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لیتی ہے۔'' ضروری نہیں کہ اس سے کسی خاص دن کی صبح ہی مراد لی جائے، ہر صبح ہی قیامت کی دلیل ہے، جس کے ساتھ سوئی ہوئی مخلوق بیدار ہو جاتی ہے اور موت کے بعد اٹھنے کا منظر سامنے آجاتا ہے۔ (تفسیر القرآن الکریم از عبد السلام بھٹوی رحمہ اللہ)

واللہ أعلم بالصواب